رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA GORAKHPUR
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
GORAKHPUR Page:12 ₹ 4/- Vol:23 Issue :8855
سال:23 شمارہ نمبر: 8855 12, ذی قعدہ 1445ھ منگل «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار
Tuesday 21 May 2024

پانچویں مرحلے کی پولنگ مکمل ◻ 8 ریاستوں میں 49 سیٹوں پر 57.35 فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

2024 کے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں پیر کو 6 ریاستوں اور 2 مرکز کے زیر

◆ سب سے زیادہ ٹرن آؤٹ مغربی بنگال میں 73 فیصد اور مہاراشٹر میں سب سے کم 48.88 فیصد

انتظام علاقوں کی 49 نشستوں کے لیے پولنگ مکمل ہوگئی۔ اس مرحلہ میں مجموعی طور پر 57.35 فیصد پولنگ ہوئی۔ سب سے زیادہ ٹرن آؤٹ مغربی بنگال میں 73 فیصد اور مہاراشٹر میں سب سے کم 48.88 فیصد رہا۔

اس کے علاوہ اوڈیشہ اسمبلی کے دوسرے مرحلہ کی 35 سیٹوں پر 60.70 فیصد، جھارکھنڈ کی گانڈے اسمبلی سیٹ پر 68.26 فیصد اور لکھنؤ مشرقی سیٹ پر 52.25 فیصد پولنگ ہوئی۔ اتر پردیش کے مہوبہ میں ڈیوٹی کے دوران ایک سی آر پی ایف جوان کی موت ہوگئی۔ مغربی بنگال کے بیرک پور اور بنگلی میں بی جے پی امیدواروں اور ٹی ایم سی کے حامیوں کے درمیان جھڑپیں ہوئی ہیں۔ ممبئی میں پولنگ بوتھ کے قریب ڈی ای وی ایم رکھنے پر پولیس نے شیوسینا (یو بی ٹی) کے 3 کارکنوں کو حراست میں لے لیا ہے۔ مرکزی وزیر پیوش گوئل کے علاوہ گلزار، سیماش گنی، اکشے کمار، نانا پاٹیکر، انل کپور، منوج باجپئی، آر پی آئی کے گورنر شفقی کانت داس اور اٹل امبانی نے ممبئی میں ووٹ ڈالا۔ اس کے علاوہ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، بی ایس پی سپریمو مایاوتی، سنیش چندر مشرا نے لکھنؤ میں ووٹ ڈالا۔ راہل گاندھی کے خلاف مقابلہ کرنے والے پنیش پرا پ سنگھ نے رائے بریلی میں ووٹ ڈالا۔

لوک سبھا کی 543 سیٹوں میں سے 380 سیٹوں پر چوتھے مرحلہ تک پولنگ ہوئی تھی۔ آج کی سیٹوں سمیت کل 429 سیٹوں پر پولنگ مکمل ہوچکی ہے۔ باقی 2 مرحلوں میں 114 سیٹوں پر پولنگ ہونا باقی ہے۔

ایرانی صدر رئیسی اور وزیر خارجہ حسین ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق

نائب صدر محمد مخبر زوفلی 2 ماہ کیلئے عبوری صدر مقرر ◻ نائب وزیر خارجہ علی باقری کنی کو وزارتِ خارجہ کی ذمہ داری سونپی گئی ◻ 5 روزہ قومی سوگ کا اعلان

تہران، (ایجنسیاں)

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق ہونے کے بعد اب ملک کے نائب صدر محمد مخبر زوفلی اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کا ہیلی کاپٹر موسم کی خرابی کے باعث تبریز شہر میں گر کر

تباہ ہوگیا تھا۔ حادثہ کے وقت ہیلی کاپٹر میں ایرانی صدر کے ہمراہ وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان، ایران کے پیر پیم آیت اللہ علی خامنہ ای کے ترجمان اور ایران کے صوبہ تبریز کے گورنر کے علاوہ دیگر علی عہدیداران بھی سوار تھے۔

گزشتہ روز سے جی حادثہ کا شکار ہونے والے ایرانی صدر کے ہیلی کاپٹر کی تلاش کا کام جاری تھا مگر خراب موسم کے باعث ہیلی کاپٹر کے حادثے کے مقام کا پتہ لگانے میں تاخیر ہوئی اور آج صبح ریسکیو ٹیمیں جائے حادثہ تک پہنچیں۔ اب ایران کے سرکاری میڈیا اور دیگر عرب میڈیا نے بھی ایرانی صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کے ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی ہے۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے آئین کے مطابق ایران کے صدر کے نااہل ہونے، مستعفی ہونے، غیر حاضر ہونے، بیمار ہونے یا انتقال ہونے کی صورت میں نائب صدر صدارتی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ اس وقت محمد مخبر ایران کے نائب صدر کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں اور آئین کے مطابق اب محمد مخبر زوفلی ایران کے صدر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ اعزاز میں منگل کو پورے ہندوستان میں ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔

وزیر اعظم مودی اور وزیر خارجہ نے کیا دکھ کا اظہار

نئی دہلی، (ایجنسیاں) وزیر اعظم نریندر مودی نے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور ایران کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ مودی نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ رئیسی کے نے قائم مقام وزیر خارجہ انفوسناک انتقال پر گہرا دکھ اور صدمہ پہنچا۔ ان کے آرٹیکل 135 کے ہندوستان ایران دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں ان کے تعاون کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان مطابق جب کسی کے بعد ایرانی عوام کے ساتھ میری دلی تعزیت۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے وزارت کا کوئی وزیر نہ ہو تو صدر کسی شخص کو بھی رنج و غم کا اظہار کیا۔ مرکزی وزارت داخلہ نے ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے انتخاب کر کے انہیں 3

◆ ہندوستان میں بھی ایک روزہ سوگ کا اعلان

ماہ کے لیے اس وزارت کا سربراہ مقرر کیا ہے۔ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاکت کے بعد کے 2 ماہ کیلئے ایران کے عبوری صدر نائب صدر محمد مخبر نے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ محمد مخبر کی بطور عبوری صدر تقرری کا اعلان ملک کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی منظوری کے بعد کیا گیا۔ ایران کے سپریم لیڈر نے ملک میں 5 روز قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ ایران سپریم لیڈر کے مطابق پہلے نائب صدر محمد مخبر آئین کے مطابق ایگزیکٹیو برانچ کے انچارج ہیں۔ ایران سپریم لیڈر نے کہا کہ محمد مخبر کو عدلیہ، قانون سازاداروں کے سربراہوں کی ہم آہنگی سے انتخابات 50 دنوں کے اندر کرانے ہوں گے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محمد مخبر زوفلی کو 2 ماہ کیلئے ایران کا عبوری صدر مقرر کر دیا گیا ہے۔ ایرانی آئین کے مطابق 50 دن کے اندر دوبارہ صدارتی انتخاب کرایا جائے گا۔

(بقیہ صفحہ 4 پر/ متعلقہ خبریں آئندہ عالم صفحہ 11 پر)

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے ساتھ ہیلی کاپٹر حادثے میں وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان بھی جاں بحق ہوئے، جس کے بعد علی باقری کنی کو قائم مقام وزیر خارجہ مقرر کر دیا گیا ہے۔ ہیلی کاپٹر کے حادثے میں حسین امیر عبداللہیان کی شہادت کے بعد ایرانی حکومت نے قائم مقام وزیر خارجہ کا اعلان کر دیا۔ آئین کے آرٹیکل 135 کے مطابق جب کسی وزارت کا کوئی وزیر نہ ہو تو صدر کسی شخص کو انتخاب کر کے انہیں 3

آپکے ووٹ سے
1 کروڑ گرامین مہلاؤں کو لکھپتی دیدی بنایا
इस बार आपके ही वोट से
3 करोड़ महिलाओं को
लखपति दीदी बनाएंगे
SHG के माध्यम से
रोजगार के नए
अवसर दिलाएंगे
ये है मोदी की गारंटी
फिर एक बार महिला को
सशक्त बनाने वाली सरकार
फिर एक बार
मोदी सरकार
कमल का बटन दबाएं भाजपा को जिताएं

نوین کی زیر قیادت بیجو جنتا دل سرکار نے اوڈیشہ کو برباد کر دیا: مودی

کٹک، (یو این آئی)

وزیر اعظم نریندر مودی نے پیر کو اوڈیشہ میں نوین پٹنائک کی قیادت والی بیجو جنتا دل (بی جے ڈی) حکومت کی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مافیا راج اور بدعنوانی نے ریاست کو برباد کر دیا ہے۔ اوڈیشہ میں اپنے تیسرے دور کی انتخابی مہم کے دوران ٹنکر کے مشہور ہالی پاترا میدان میں وجے سنکلپ ساوش سے خطاب کرتے ہوئے سمبلپور کے لیے کہ بی جے ڈی نے اپنے 25 سال کے اقتدار کے دوران صرف کوئلہ مافیا، ریت مافیا اور کان کنی مافیا کو فروغ دیا ہے جس سے ریاست کی برباد ی ہوئی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے درخواست کی کہ وہ سست رفتار بی جے ڈی حکومت کو چھوڑ دیں اور ریاست کی ترقی کیلئے بی جے پی کی تیز رفتار ڈبل انجن والی حکومت کا انتخاب کریں۔ وزیر اعظم نے بی جے ڈی حکومت پر چٹ فنڈ گھپلے کے ذریعے ریاست کے غریب عوام کو دھوکہ دینے کا الزام لگایا، جہاں چٹ فنڈ کمپنیوں نے سرمایہ کاروں سے کروڑوں روپے لوٹے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے ڈی کے وزراء اور ایم ایل اے کے بدعنوانی میں مسلسل مصروف رہنے کی وجہ سے لوگوں میں غصہ ہے۔ مسٹر مودی نے دعویٰ کیا کہ جب سے مرکز میں بی جے پی کی حکومت آئی ہے، اس نے اوڈیشہ کو گلگرلس کے دور حکومت کے مقابلے میں تین گنا زیادہ فنڈ فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے مائننگ ٹیکس کے اپنے حصے کے طور پر 50,000 کروڑ روپے دیئے ہیں، جب کہ گلگرلس کے دور میں یہ 5,000 کروڑ روپے تھے۔ مزید برآں، مودی حکومت نے کان کنی کے علاقوں میں غریبوں کیلئے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کے لیے ڈسٹرکٹ منرل فنڈ سے 26,000 کروڑ روپے فراہم کیے ہیں۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ بدعنوانی نے بی جے ڈی حکومت نے ان فنڈز کو لوٹا اور پروجیکٹوں کو آگے بڑھنے سے روکا۔ مسٹر مودی نے زور دے کر کہا کہ مرکزی حکومت نے سڑک اور ریلوے کے مختلف پروجیکٹوں کے لیے اہم فنڈز فراہم کیے، لیکن بی جے ڈی حکومت نے ان پروجیکٹوں کو اس وقت تک موخر کر دیا جب تک کہ انھیں کٹ مانی کمیشن نہیں مل گیا۔ انہوں نے بی جے ڈی حکومت پر قریبی ساتھیوں کو ملازمت کے ٹھیکے دینے اور رشوت لین کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، پانی، صحت اور سڑکوں سمیت ہر شعبے میں ترقی کا فقدان ہے۔ کسی کا نام لیے بغیر انہوں نے کہا کہ ایک مافیا نے مسابقت کو دبا تے ہوئے اوڈیشہ کے تقریباً تمام علاقوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ اگر انہی بی جے پی اقتدار میں آتی ہے تو وہ مافیا کو ختم کر دے گی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کٹک کے دریاؤں سے گھرا ہوا ہونے کے باوجود یہاں پینے کے پانی کی قلت ہے اور لوگ پانی بھر نے سے متاثر ہیں۔ مسٹر مودی نے دہرایا کہ اوڈیشہ 10 جون کو بی جے پی کے چیف منسٹری حلف برداری اور مرکز میں بی جے پی کی قیادت والی این ڈی اے حکومت کے قیام کے ساتھ ایک نئی تاریخ لکھے گا۔ انہوں نے لوگوں سے درخواست کی کہ وہ ریاستی اسمبلی اور لوک سبھا دونوں کے لیے بی جے پی کے امیدواروں کو ووٹ دیں تاکہ لوٹ مار کو روکنے کے لیے اوڈیشہ اور مرکز میں مضبوط حکومت قائم کی جا سکے۔

(متعلقہ خبر صفحہ 5 پر)

سب سے پہلے
لائف انشورنس
جشن منائیں
ضمانت
کے ساتھ
ایل آئی سی کی
جیون اُتسو
Plan No.: 871 UIN: 512N363V01
زندگی بھر ضمانت شدہ
واپسی کے ساتھ
اَن لائن بھی دستیاب
پوری زندگی کا انشورنس فوائد کا انتخاب کرنے کی آزادی کے ساتھ
• پریمیم ادا کرنے کی محدود مدت 5 سے 16 سال
• پریمیم ادا کرنے کی مدت کے دوران ضمانت شدہ اضافے
• باقاعدہ آمدنی میں فائدہ / لچک دار آمدنی میں فائدہ
• کم سے کم تعین شدہ بنیادی رقم 5 لاکھ
ایک غیر منسلک، غیر اشتراکی، انفرادی، پوری زندگی بچت کا انشورنس پلان
LIC
لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا
LIFE INSURANCE CORPORATION OF INDIA
ہر پل آپ کے ساتھ
8976862090
licindia.in
(022) 6827 6827
مزید تفصیلات کیلئے، اپنے ایجنٹ / نزدیکی ایل آئی سی برانچ سے رابطہ کریں یا SMS کریں اپنے شہر کا نام 56767474 پر
Follow us :
LIC India Forever | IRDAI Regn No.: 512
LIC/P1/2023-24/13/Urd

مختصر خبریں

گجرات اے ٹی ایس کا 4 دہشت گردوں کی گرفتاری کا دعویٰ

احمد آباد، (یو این آئی)

گجرات اے ٹی ایس نے پیر کے روز یہاں احمد آباد کے سردار ولبھ بھائی پٹیل بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اتی ایس آئی ایس کے 4 مشتبہ دہشت گردوں کو گرفتار کیا۔ یہ گرفتاریاں نریندر مودی اسٹیڈیم میں آئی پی ایل میچ کیلئے احمد آباد ایئرپورٹ پر آئی پی ایل کی ٹیمیں کی آمد سے قبل کی گئیں۔ آئی پی ایل میچ کی تاریخ 22 مئی کو طے ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ گرفتار کیے گئے چاروں افراد اسلامک اسٹیٹ کے دہشت گرد اور سری لنکا کے باشندے ہیں۔ گرفتار افراد سے تفصیلی پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔

'کھرگے پر نازیبا تبصرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی'

نئی دہلی، (یو این آئی)

کانگریس نے کہا ہے کہ مغربی بنگال میں کچھ عہدیداروں اور کارکنوں نے پارٹی صدر ملکارجن کھرگے کے خلاف نازیبا ریمارکس پاس کیے ہیں، جسے برداشت نہیں کیا جائے گا، اس لئے پارٹی نے ریاستی انچارج سے رپورٹ طلب کی ہے تاکہ اس کی تحقیقات کر کے قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکتا ہے۔ پارٹی نے ان واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے اور مغربی بنگال کے جنرل سکریٹری انچارج سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر ان بے ضابطگیوں کی رپورٹ پیش کریں۔ مسٹر وینوگوپال نے کہا کہ ہم اس طرح کی پارٹی مخالف سرگرمیوں کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں اور عوامی طور پر ایسے اور ڈسپلن شکنی کے اس طرح کے مظاہروں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

پندرہ دن میں رخصت ہو جائے گی مودی حکومت: اکھلیش یادو

بستی / سدھارتھ نگر / دھن گیتا (ایس این بی)

سماجوادی پارٹی کے قومی صدر و سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے کہا کہ آئین میں تبدیلی کرنے اور ریزرویشن ختم کرنے کی سازش کر نے والی مودی سرکار کی رخصتی میں اب صرف 15 دن اور باقی بچا ہے۔ اسلئے آئین میں یقین رکھنے والوں کو چاہیئے کہ وہ اس عوام مخالف حکومت کو اکھاڑ پھینکیں اور انڈیا یا الائنس کے امیدوار کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ چار جون کو ملک میں انڈیا یا الائنس کی حکومت بننے جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ اُنھوں نے مودی حکومت کو موصوفی حکومت کا نام دیتے ہو ئے کہا کہ یہ حکومت الکٹورل بانڈ کے ذریعہ چندہ وصول رہی ہے۔ اور موصوفی

میں اتنا آگے بڑھ گئی ہے کہ عوام کو زہریلا کورونا ویکسین دیکر کینچی سے کروڑ و وصول کیا اور عوام کو موت کے منھ میں جھونک دیا ہے۔ مذکورہ خیالات کا اظہار سماج وادی پارٹی کے قومی صدر نے سدھارتھ نگر میں ڈومر یا گنج پارلیمنٹ حلقہ کے امیدوار بھیم شنکر عرف کشل تیواری کی حمایت میں ان کی کامیابی کے لئے سائیکل کا بٹن دبانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کو چار جون کو جانا ہے۔ انڈیا یا الائنس کی کامیابی یقینی ہے۔ ایسے میں عوام کی حکومت قا ئم ہوگی۔ .....(تفصیلی خبر صفحہ 2 پر)

بھیانک سڑک حادثہ ◻ 18 مزدوروں کی موت ◻ 4 افراد زخمی

کاوارڈھا، (یو این آئی)

چھتیس گڑھ کے کبیر دھام ضلع کے کنکڈور تھانہ علاقے کے باہیانی گاؤں کے نزدیک پیر کو ان کی پک اپ گاڑی الٹ جانے سے 18 قبائلی مزدوروں کی موت اور چار دیگر زخمی ہو گئے ۔ دریں اثنا، ریاست کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی نے حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ تمام قبائلی کارکن تندو کے پتے توڑنے جنگل گئے تھے، وہاں سے واپسی کے دوران پک اپ گاڑی سے قابو ہو کر الٹ گئی اور گہری کھائی میں جا گری۔ اس حادثے میں 18 افراد ہلاک اور چار مزدور زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ کنکڈور تھانہ کے باہیانی گاؤں کے نزدیک پیش آیا۔ کبیر دھام کے پولس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ابھیشیک پلوا نے اس واقعہ کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم کو موقع پر روانہ کر دیا گیا۔ دریں اثنا وزیر اعلیٰ سائی نے اس المناک واقعہ پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر سائی نے ایکس پر لکھا ہے کہ کبیر دھام ضلع کے کونڈو تھانہ علاقے کے باہیانی گاؤں کے نزدیک پک اپ کے الٹ جانے سے 18 گاؤں والوں کی موت اور چار کے زخمی ہونے کی افسوسناک خبر موصول ہونے پر دوا فسردہ ہیں۔ زخمیوں کے بہتر علاج کے لیے ضلعی انتظامیہ کو ضروری ہدایات دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ سوگواروں سے مرحوم کی روح کے سکون کی پرارتھنا کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کرتا ہوں۔

اس حادثہ میں مرنے والوں کے نام درج ذیل ہیں: (1) ملا بائی (48) شوہر بنجاری، (2) کلو بائی (40) شوہر گلاب سنگھ، (3) سروادی (45) ولد سلاب گونڈ، (4) جنیا بائی (35) شوہر بنتا گونڈ، (5) منگیا بائی (60) شوہر جگرماداوی، (6) جھنگو بائی (62) شوہر بھجی رام، (7) سیا بائی (50) شوہر تریت گونڈ، (8) کرن (15) ولد شیتو ناتھ، (9) پورین بائی (35) شوہر ویرام گونڈ، (10) دھنیا بائی (48) شوہر سریداری گونڈ، (11) شانتی بائی (35) شوہر شیتو ناتھ، (12) بیاری بائی (40) شوہر پھول چند، (13) سوم بائی (16) ولد پھول چند، (14) موست بائی (45)، (15) لیلا بائی (35) شوہر مان سنگھ، (16) پرسیدا بائی (30) شوہر رام چندر، (17) بھارتی (13) ولد مان سنگھ اور (18) سنتی بائی (45) شوہر مدن سنگھ (تمام کا تعلق شیڈولڈ ٹرائب سے تھا)۔